2407- بیوی سے خاوند کا چھ ماہ سے زیادہ غائب رہنا

سوال

اب میں اپنے ملک کی کسی لڑکی سے شادی کرنے کی تیار کر رہا ہوں، لیکن میں طالب علم ہونے کی وجہ سے اسے اپنے ساتھ اس ملک میں نہیں لا سکتا، اور مجھے یہ بھی علم ہے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا تھا کہ :

خاوند کا تین ماہ سے زیادہ اپنی بیوی سے دور رہنا جائز نہیں۔

اور مسئلہ یہ ہے کہ میں کم از کم ایک سال سے پہلے اپنے ملک واپس نہیں جا سکتا، تو کیا میرے لیے یہ ممکن ہے کہ میں شادی کر لوں اور اسلام کے اس قاعدہ (ضروریات محظورات کو مباح کر دیتی ہیں) پر عمل کرتے ہوئے اپنی بیوی سے دور رہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

جب بیوی اس پر راضی ہو جائے کہ آپ اتنی مدت
اس سے دور رہ سکتے ہیں تو اس میں کوئی حرج والی بات نہیں۔

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو ہر قسم کی بھلائی اور خیر کی توفیق عطا فرمائے آمین یا
رب العالمین۔

واللہ اعلم.